http://e.tashakurnews.com info@tashakurnews.com
facebook.com/tashakurnews twitter.com/RTashakur

اشاعت کے مسلسل 22 سال ABC Certified باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

کراچی، حیدرآباد، لاہور اور اسلام آباد میں بیک وقت پڑھا جانے والا روزنامہ

ہم ظلم مٹانے نکلے ہیں ⊙ آؤ ہمارے ساتھ چلو ⊙ ہم ارضِ وطن کے رکھوالے ہیں ⊙ آؤ ہمارے ساتھ چلو

REG # 12(2411)/22

چیف ایڈیٹر: عباس علی منصور

روزنامہ تشکر نیوز کراچی


جلد : 24 | 02 جمادی الاول 1448ھ بدھ 14 اکتوبر 2026ء (قیمت 15 روپے) | شمارہ : 112



صوبوں سے مشاورت کے بعد جلد گندم قیمت کا اعلان کیا جائے گا، وزیراعظم شہباز شریف

مشاق تربیتی طیارہ حادثے کے شہدا کی نمازِ جنازہ ادا

وزیراعظم فیلڈ مارشل سمیت دیگر کی شرکت



شہدا کی نماز جنازہ میں اعلیٰ سول و عسکری حکام اور شہدا کے عزیز و اقارب نے بھی شرکت کی، پاک فوج اور قوم دونوں بہادر افسران کی عظیم قربانی کو خراجِ عقیدت پیش کرتی ہے، آئی ایس پی آر

راولپنڈی، اسلام آباد (بیورو رپورٹ) مشاق تربیتی طیارے کے حادثے میں شہید میجر حسنین شہزاد ہمایوں اور کیپٹن عبدالصمد کی نمازِ جنازہ ادا کر دی گئی۔ مسلح افواج کے شعبہ تعلقات عامہ آئی ایس پی آر کے مطابق میجر حسنین اور کیپٹن عبدالصمد کی نماز جنازہ چکلالہ گیریژن راولپنڈی میں ادا کی گئی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق نمازِ جنازہ میں وزیراعظم شہباز شریف، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر، وفاقی وزرا اسحاق ڈار، عطا تارڑ اور کمانڈر نیشنل اسٹریٹجک کمانڈ شریک تھے۔ شہدا کی نماز جنازہ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 1)

ایران سفارت کاری کیلئے تیار ہے، امریکا وعدوں پر عمل کرے، ایرانی نائب وزیر خارجہ

تہران (مانیٹرنگ ڈیسک) ایرانی نائب وزیر خارجہ کاظم غریب آبادی نے کہا ہے کہ ایران سفارت کاری کے ہر عمل کا خیر مقدم (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 3)



ابھیجیت دیپکے نے نریندر مودی کو بزدل ترین آدمی قرار دے دیا

مودی سرکار ہندوستان میں جمہوریت اور انتخابی نظام کو تباہ کر رہی ہے

راہل گاندھی

نئی دہلی (مانیٹرنگ ڈیسک) کانگریس کے سابق صدر اور لوک سبھا میں قائد حزب اختلاف راہل گاندھی نے کہا ہے کہ ہندوستان میں جمہوریت کی بحالی کے لیے اپوزیشن کی لڑائی جاری رہے گی۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں جمہوریت اور انتخابی نظام کو تباہ کر دیا گیا ہے اور آئین کو اٹھا کر پھینک دیا گیا ہے۔ راہل گاندھی نے وزیراعظم نریندر مودی، وزیر داخلہ امت شاہ اور چیف الیکشن کمشنر گیانیش کمار کو تنقید کا نشانہ بناتے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 2)



پاک فوج کی بڑی کامیابی، فتح ٹو میزائل کا کامیاب تجربہ

میزائل کی رینج میں اضافے سے پاک فوج کی آپریشنل رسائی اور دور دراز اہداف کو نشانہ بنانے کی صلاحیت میں اضافہ ہوگا، صدرِ مملکت، وزیراعظم، چیف آف ڈیفنس فورسز اور سروسز چیفس نے کامیاب تجربے پر سائنسدانوں اور انجینئرز کو مبارکباد دی

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) پاک فوج نے ہائپر سونک بیلسٹک میزائل فتح ٹو توسیع شدہ رینج کا کامیاب تجربہ کیا۔ مسلح افواج کے شعبہ تعلقات عامہ آئی ایس پی آر کے مطابق میزائل جدید نیویگیشن سسٹم اور جدید ترین ایویونکس سے لیس ہے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق فتح 2 ای آر منفرد راستے اور سمت تبدیل کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے، فتح 2 ای آر انتہائی درستگی سے اہداف کو نشانہ بنانے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق فتح 2 ای آر دشمن کے میزائل دفاعی نظام کو ناکام بنانے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق میزائل کی رینج میں اضافے سے پاک فوج کی آپریشنل رسائی اور دور دراز اہداف کو نشانہ بنانے کی صلاحیت میں اضافہ ہوگا۔ دریں اثنا صدر مملکت، وزیراعظم، چیف آف ڈیفنس فورسز اور سروسز چیفس نے کامیاب تجربے پر (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 4)



اسلام آباد: فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر، وزیراعظم شہباز شریف و دیگر شہید پائلٹس کی نماز جنازہ ادا کر رہے ہیں



گورنر راج کے بعد یہ ایسے بولتے ہیں کہ فاتح ہیں، بتائیں کیا عوام راضی ہیں؟ راجا ناصر عباس | وزیراعلیٰ کی حراست بہت بڑی غلط بات ہے، بیرسٹر گوہر

متحدہ اپوزیشن کا خیبر پختونخوا میں گورنر راج کیخلاف جدوجہد کا اعلان

خیبر پختونخوا پہلے ہی امن و امان کے سنگین مسائل سے دوچار ہے، ایسے حالات میں سیاسی محاذ آرائی اور غیر جمہوری اقدامات مسائل میں مزید اضافے کا باعث بن سکتے ہیں، حکومت نے بات چیت مکمل ہونے کے باوجود خیبر پختونخوا میں غیر آئینی قدم اٹھایا، مولانا فضل الرحمٰن کی شرکاء سے گفتگو

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) متحدہ اپوزیشن کے پارلیمانی پارٹی کے اجلاس میں مولانا فضل الرحمان نے دعویٰ کیا ہے کہ حکومت نے بات چیت مکمل ہونے کے باوجود خیبر پختونخوا میں گورنر راج اور ایمرجنسی نفاذ کا غیر آئینی قدم اٹھایا۔ قومی اسمبلی میں متحدہ اپوزیشن کی پارلیمانی پارٹی کا اجلاس اپوزیشن لیڈر قومی اسمبلی محمود خان اچکزئی کی زیر صدارت منعقد ہوا، جس میں قائد حزب اختلاف سینیٹ علامہ راجہ ناصر عباس، پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین بیرسٹر گوہر علی خان، جمعیت علمائے اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن، سلمان اکرم راجہ اور دیگر اپوزیشن رہنماؤں نے شرکت کی۔ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 5)



راولپنڈی: پاک فوج کی جانب سے ہائپر سونک بیلسٹک میزائل فتح ٹو ایکسٹینڈڈ رینج کا کامیاب تجربہ کیا جا رہا ہے



کے پی میں آئین کے تحت اقدامات کیے، صوبائی کابینہ میں اب کوئی دہشتگرد ہمدرد نہیں

وزیر اطلاعات

دہشتگردی کیخلاف ایک ملک میں دو مختلف پالیسیاں کیسے ہوسکتی ہیں؟، نئی کابینہ میں دہشت گردی کے خلاف مؤثر بیانیہ تشکیل دینے کا عزم اور حوصلہ موجود ہے، طالبان کے پیش کردہ اسلام کا حقیقی اسلام سے کوئی تعلق نہیں، عطاء اللہ تارڑ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطا تارڑ نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں آئین کے تحت اقدامات کیے، صوبائی کابینہ میں اب کوئی دہشتگرد ہمدرد نہیں، دہشتگردی کیخلاف ایک ملک میں دو مختلف پالیسیاں کیسے ہوسکتی ہیں؟ نئی کابینہ میں دہشت گردی کے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 7)

حکومت نے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کردی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) حکومت نے پٹرولیم مصنوعات کی نئی قیمتوں کا اعلان کردیا۔ پٹرولیم ڈویژن کی جانب سے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 6)



آئی ایم ایف کا پاکستان میں مہنگائی مزید بڑھنے کا خدشہ

عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) نے رواں مالی سال پاکستان میں مہنگائی کی شرح مزید بڑھنے کا خدشہ ظاہر کیا ہے۔ آئی ایم ایف نے ورلڈ اکنامک آؤٹ لک 2026 جاری کردی ہے جس میں آئی ایم ایف کو پاکستان میں رواں مالی سال مہنگائی میں اضافے کا خدشہ ہے، آئی ایم ایف کے مطابق گزشتہ مالی سال پاکستان میں مہنگائی کی شرح 7.1 فیصد ریکارڈ کی گئی تھی، رواں مالی سال پاکستان میں مہنگائی 9.9 فیصد تک پہنچنے کا تخمینہ ہے۔

آئی ایم ایف کے مطابق رواں برس پاکستان کی معاشی نمو 3.5 فیصد رہے گی جو گزشتہ مالی سال پاکستان کی جی ڈی پی 3.6 فیصد تھی جبکہ مالی سال میں پاکستان کا کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ جی ڈی پی کا ایک فیصد ہوگا، رواں مالی سال میں بے روزگاری کی شرح 6.5 فیصد رہے گی۔ عالمی مالیاتی فنڈ نے کہا کہ عالمی شرح نمو 2025 میں 3.5 فیصد تھی، جو 2026 میں 3.1 فیصد رہنے کی توقع ہے، عالمی معاشی نمو 2027 میں 3.4 فیصد ہوگی۔ آئی ایم ایف کے عالمی معاشی منظرنامے کے مطابق مشرق وسطیٰ کی جنگ سے مہنگائی کی شرح 2026 میں 4.7 فیصد ہوگی، عالمی معیشت دو حصوں میں تقسیم ہے۔

اے آئی کے شعبے سے وابستہ یا توانائی برآمد کرنے والے ممالک بہتر کارکردگی دکھا رہے ہیں، توانائی درآمد کرنے والے اور ٹیکنالوجی کی دوڑ سے باہر ممالک کو مہنگائی، درآمدی بلوں اور مالیاتی دباؤ کا سامنا ہے۔ آئی ایم ایف کے مطابق سپلائی چینز میں لچک اور تیل کی پیداوار متبادل ذرائع سے پوری کرنے کے باوجود توانائی کے ذخائر کم ہو رہے ہیں، جیو پولیٹیکل بحران کی صورت میں تیل کی قیمتیں تیزی سے بڑھ سکتی ہیں، عوامی قرضوں اور شرح سود کی بلند سطح کی وجہ سے حکومتوں کے لیے مالی گنجائش محدود ہو چکی، متوسط مدت کے استحکام، خسارے پر قابو پانے اور انتہائی کمزور طبقے کو ٹارگٹڈ ریلیف دینے کی ضرورت ہے۔



تیسرا ٹی ٹوئنٹی، سری لنکا نے پاکستان کو 8 وکٹوں سے شکست دے دی

کراچی (اسپورٹس نیوز) ٹی ٹوئنٹی سیریز کے تیسرے اور آخری میچ میں سری لنکا نے پاکستان کو 8 وکٹوں سے شکست دے دی۔ راولپنڈی کرکٹ اسٹیڈیم میں کھیلے گئے میچ میں سری لنکا نے 169 رنز کا ہدف 18 ویں اوور میں 2 وکٹوں کے نقصان پر پورا کیا۔ مہمان ٹیم کی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 8)



برازیلین وفد کی نیول چیف اور سربراہ پاک فضائیہ سے الگ الگ ملاقاتیں، دفاعی تعاون پر تبادلہ خیال

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) وفاقی جمہوریہ برازیل کے ایک اعلیٰ سطحی وفد نے، جس کی قیادت ایڈمرل ریناٹو روڈریگس ڈی اگویار فریئر، چیف آف دی جوائنٹ چیفس آف (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 10)



ایرانی قیادت کو نشانہ بنانے میں امریکا شاید حد سے آگے نکل گیا، ٹرمپ

اوہائیو (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اعتراف کیا ہے کہ ایرانی قیادت کو نشانہ بنانے میں امریکا شاید حد سے آگے نکل گیا ہے، جس کے باعث واشنگٹن کو مذاکرات کے لیے ایرانی حکام کی شناخت میں مشکلات کا سامنا ہے۔ اوہائیو کے شہر ینگز ٹاؤن میں انتخابی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 9)



سعودی عرب نے حوثیوں کیخلاف کارروائی میں اسرائیل کی شمولیت کا مطالبہ مسترد کردیا

یمن، حکومتی فوج کے حوثی ملیشیا کے 9 اہداف پر حملے

سعودی اتحاد نے ریاض کی جانب داغا گیا میزائل مار گرایا

تعز میں حوثی ملیشیا کے اہداف پر 9 حملے کیے، حملوں میں حوثیوں اور ان کے سامان کو نشانہ بنایا گیا، سعودی فوجی اتحاد نے دارالحکومت ریاض کی جانب داغا گیا حوثی ملیشیا کا بیلسٹک میزائل مار گرایا، سعودی شہر خمیس مشیط کی طرف داغے گئے حوثیوں کے 2 بیلسٹک میزائلوں کو بھی فضا میں ہی تباہ کر دیا گیا، میڈیا رپورٹس

صنعا (مانیٹرنگ ڈیسک) یمن کے شہر تعز میں یمنی حکومتی فوج کی جانب سے حوثی اکثریتی تنظیم انصار اللہ پر حملے کیے گئے۔ دوسری جانب سعودی فوجی اتحاد نے دارالحکومت ریاض کی جانب داغا گیا حوثی ملیشیا کا بیلسٹک میزائل مار گرایا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق یمنی حکومتی افواج کا کہنا تھا کہ تعز میں حوثی ملیشیا کے اہداف پر 9 حملے کیے، حملوں میں حوثیوں اور ان کے سامان کو نشانہ بنایا گیا۔ دوسری جانب سعودی فوجی اتحاد نے دارالحکومت ریاض کی جانب داغا گیا حوثی ملیشیا کا بیلسٹک میزائل مار گرایا۔ سعودی شہر خمیس مشیط کی طرف داغے گئے حوثیوں کے 2 بیلسٹک میزائلوں کو بھی فضا میں ہی تباہ کر دیا گیا۔ ادھر قطر کی ایئر لائن نے ریاض اور دمام کی پروازیں عارضی طور پر معطل کر دیں۔ علاوہ ازیں اماراتی ایئر لائن نے بھی ابوظہبی، ریاض، جدہ اور دمام کی پروازیں 19 اکتوبر تک منسوخ کر دیں۔ سعودی عرب کے مفتی اعظم شیخ صالح بن فوزان الفوزان نے حوثی ملیشیا کے حملوں کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ زائرین کو نشانہ بنانا سنگین ترین جرائم میں سے ہے۔ دوسری جانب اسرائیلی میڈیا نے دعویٰ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 11)



امریکا نے ایران کے بارے میں غلط اندازے لگائے، پاسداران انقلاب

تہران (مانیٹرنگ ڈیسک) ایران کی پاسداران انقلاب کے سینئر کمانڈر بریگیڈیئر جنرل یداللہ جوانی نے کہا ہے کہ امریکا نے سپریم لیڈر علی خامنہ ای کی ہلاکت کے بعد ایران کے نظام کے خاتمے کی توقع لگا کر سنگین غلطی کی۔ قطری نشریاتی ادارے الجزیرہ کے مطابق ایران کی پاسدارانِ انقلاب کے شعبہ سیاسی امور کے نائب سربراہ بریگیڈیئر جنرل یداللہ جوانی کا کہنا ہے کہ امریکا (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 13)



معاہدہ کسی ملک کے خلاف نہیں، مکہ دفاعی معاہدے کے سیکریٹری کی صدر زرداری سے ملاقات

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کے پہلے سیکریٹری جنرل لیفٹیننٹ جنرل (ر) نعمان محمود نے صدر مملکت آصف علی زرداری سے ملاقات کی اور اس موقع پر کہا گیا کہ معاہدہ دفاعی نوعیت کا ہے اور کسی ملک کے خلاف نہیں ہے۔ ایوان صدر سے جاری اعلامیے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 12)



خیبر پختونخوا میں کارکردگی دکھانے کے سوا کوئی آپشن نہیں، رانا ثناء اللہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں کارکردگی دکھانے کے سوا کوئی آپشن نہیں۔ پارلیمنٹ ہاؤس اسلام آباد میں میڈیا سے گفتگو میں رانا ثنا اللہ نے کہا کہ قومی اسمبلی خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی نفاذ کی قرارداد (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 14)



وزیراعلیٰ سندھ میرا وجود تسلیم کرنے کو تیار نہیں، میں انہیں کیسے مان لوں، مصطفیٰ کمال

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ سندھ میرا وجود تسلیم کرنے کو تیار نہیں تو میں انہیں کیسے مان لوں، سندھ اور پاکستان کے مسائل (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 49)



کراچی ایک ہی خاندان کے 5 افراد کی پراسرار ہلاکتیں

میاں بیوی کی لاشوں کے قریب پستول برآمد

شاہ زیب پر بیوی کو گولی مارنے اور بہن سمیت دو کم سن بیٹیوں کو زہر دینے کا شبہ، مبینہ تحریر میں والد کی وفات کے بعد رشتہ داروں کے روپے اور مالی مشکلات کا ذکر

شاہ زیب پراپرٹی کے کاروبار سے وابستہ تھا۔ واقعے کے محرکات جاننے کیلئے اسکے مالی معاملات، خاندانی حالات اور دیگر متعلقہ پہلوؤں کا جائزہ لیا جارہا ہے، پولیس حکام

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی کے علاقے گلشن حدید، فلک ناز سوسائٹی میں ایک گھر سے ایک ہی خاندان کے پانچ افراد کی لاشیں برآمد ہونے کے واقعے نے شہر میں تشویش (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 15)



کراچی: ایس ایس پی ملیر ڈاکٹر عبدالخالق پیرزادہ 5 افراد کی ہلاکت کے جائے وقوعہ کا معائنہ کررہے ہیں

انڈس ہسپتال کراچی میں 38 سالہ مریض میں ریبیز کی تصدیق

کراچی (اسٹاف رپورٹر) انڈس ہسپتال کراچی میں 38 سال کے مریض (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 48)

ملک بھر میں 86 پروازیں منسوخ، 59 تاخیر کا شکار

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ملک بھر میں فضائی کمپنیوں کے انتظامی مسائل (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 16)



خیبرپختونخوا میں گورنر راج غیر آئینی نہیں، پی پی اور ن لیگ نے شقوں کا مطالعہ کیا ہے، محسن نقوی

اسلام آباد (اسٹاف رپورٹر) وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ خیبرپختونخوا میں جو بھی کام ہوا وہ آئین کے تحت کیا گیا، دہشت گردی کے معاملے پر اسد قیصر نے بھی ایمرجنسی کی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 17)



وزیراعلیٰ سندھ کا سیلاب سے پیشگی آگاہی کیلئے جدید ڈیجیٹل نظام متعارف کرانے کا منصوبہ

وزیراعلیٰ سندھ کا وفد کے ہمراہ چین کے شہر ووہان میں ڈیجیٹل گورننس کے نظام اور مصنوعی ذہانت کے کمپیوٹنگ مرکز کا دورہ

مراد علی شاہ کو ہواوے کے تعاون سے قائم ووہان سٹی آپریشن سینٹر کے کام اور جدید شہری انتظام میں ٹیکنالوجی کے استعمال پر تفصیلی بریفنگ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے سندھ میں جدید ٹیکنالوجی، مصنوعی ذہانت اور ڈیجیٹل طرز حکمرانی کے فروغ کے لیے چین سے تعاون بڑھانے کی تجویز پیش کرتے ہوئے کراچی میں شہری سیلاب سے پیشگی آگاہی اور ہنگامی ردعمل بہتر بنانے کیلئے آزمائشی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 47)



کے پی گورنر راج، پی پی کا قانون سازی میں حکومت کا ساتھ دینے کا فیصلہ

پی پی پی پارلیمانی پارٹی کے اراکین کو خیبر پختونخوا میں گورنر راج اور ایمرجنسی کے نفاذ پر اعتماد میں لیا گیا، پیپلز پارٹی قومی اسمبلی میں

حکومت کی جانب سے خیبر پختونخوا میں گورنر راج کے نفاذ کے حوالے سے پیش کی جانے والی قرارداد اور مختلف بلوں پر ووٹ دیگی، ذرائع

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان پیپلز پارٹی نے خیبر پختونخوا میں گورنر راج اور ایمرجنسی سمیت قانون سازی میں حکومت کا ساتھ دینے کا فیصلہ کرلیا ہے۔ چیئرمین پی پی پی بلاول بھٹو زرداری کی زیر صدارت پی پی پی پارلیمانی کمیٹی کا اجلاس ہوا، جس میں ارکان کو (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 18)

آرٹلری میدان میں پولیس مقابلہ، ایک ملزم زخمی حالت میں گرفتار

دو ملزمان گرفتار، قبضے سے بغیر نمبر پلیٹ موٹر سائیکل اور دو پستول برآمد

کراچی (اسٹاف رپورٹر) تھانہ آرٹلری میدان پولیس نے وائی ایم سی گراؤنڈ کے قریب مبینہ پولیس مقابلے کے بعد ایک ملزم کو زخمی حالت میں جبکہ دوسرے کو بغیر کسی زخم کے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 46)

سندھ میں 24.7 فیصد لڑکیوں کی شادی 18 سال سے پہلے ہونے کا انکشاف

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ میں 24.7 فیصد خواتین کی شادی 18 سال کی عمر سے پہلے ہونے کا انکشاف ہوا ہے، جبکہ 7.5 فیصد کی شادی 15 سال کی عمر سے قبل کردی گئی تھی۔ دوسری جانب مردوں میں 18 سال سے پہلے شادی کی شرح 8.5 فیصد اور 15 سال سے پہلے شادی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 45)

اسکردو جانیوالی پرواز 6 گھنٹے بعد کراچی واپس، مسافر مشتعل

موسمی خرابی کے باعث طیارہ پہلے اسلام آباد اتارا گیا، بعدازاں کراچی لایا گیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) اسکردو جانے والی پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائنز (پی آئی اے) کی پرواز پی کے 455 چھ گھنٹے بعد کراچی واپس پہنچ گئی، جس پر مسافروں نے شدید غصے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 21)


ریٹائرڈ نیوی اہلکار کا مبینہ جعلی فوجی افسران کیخلاف فراڈ کا الزام، رقم اور چیک واپس دلانے کی اپیل

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان نیوی کے ریٹائرڈ اہلکار اور ہارون بحریہ کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی حب ریور روڈ کے رہائشی حبیب الرحمٰن نے الزام عائد کیا ہے کہ بعض افراد نے خود کو فوجی افسر ظاہر کر کے لاہور میں ان کی 15 کنال اراضی کا قبضہ دلانے اور عدالتی مقدمہ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 24)

پیرآباد پولیس کی کارروائی، اسٹریٹ کرائم میں ملوث ملزم گرفتار

ملزم سے غیر قانونی اسلحہ اور سرجانی ٹاؤن سے چھینا گیا موبائل فون برآمد، ایس ایس پی ویسٹ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) تھانہ پیرآباد پولیس نے خفیہ اطلاع پر کارروائی کرتے ہوئے اسٹریٹ کرائم میں ملوث ملزم نعمان ولد سیف اللہ کو گرفتار کرلیا۔ ایس ایس پی ویسٹ طارق (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 19)



ایک ہی خاندان کے پانچ افراد کی لاشیں ملنے کا واقعہ، ایس ایس پی ملیر کا جائے وقوع کا دورہ

خاندان نے مالی مشکلات سے تنگ آکر خودکشی کی تاہم پولیس واقعے کے تمام پہلوؤں کا جائزہ لے رہی ہے، ڈاکٹر عبدالخالق پیرزادہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ملیر کے علاقے بن قاسم، گلشن فلک ناز میں (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 44)


آذربائیجان، اسکولوں میں حجاب پر پابندی کیخلاف مظاہرے، 37 افراد گرفتار

باکو (مانیٹرنگ ڈیسک) آذربائیجان کے اسکولوں میں حجاب پہننے پر پابندی نافذ العمل ہونے کے بعد یونیفارم قواعد کے خلاف احتجاجی مظاہرے پھوٹ پڑے۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق اسکولوں میں حجاب پہننے پر پابندی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 43)

کراچی میں پولیس مقابلے، 4 زخمیوں سمیت 5 ملزمان گرفتار

مبینہ ہاؤس رابری گینگ کے ایک کارندے سے سب مشین گن بھی ملی، پولیس

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شہر کے مختلف علاقوں میں پولیس مقابلوں اور (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 22)



مصطفیٰ عامر قتل کیس، ملزمان ارمغان اور شیراز کا عدالتی نوٹس وصول کرنے سے انکار

سندھ ہائی کورٹ کا اظہارِ حیرت، ٹرائل کورٹ میں جج تعینات نہ ہونے اور نوٹس وصول نہ کیے جانے پر سماعت غیر معینہ مدت تک ملتوی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ ہائی کورٹ میں مصطفیٰ عامر قتل کیس (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 20)

کراچی میں ہواؤں کا رخ تبدیل، پارہ 39 ڈگری تک پہنچنے کا امکان

شمال مغربی ہواؤں کے باعث آج اور کل موسم گرم رہے گا، اکتوبر بھی معمول سے زیادہ گرم رہنے کی پیش گوئی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شہر میں ہواؤں کی سمت تبدیل ہونے کے باعث گرمی کی شدت میں اضافے کا امکان ہے، محکمہ موسمیات نے آج (بدھ) زیادہ سے زیادہ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 23)

پشاور، تعلیمی ادارے معمول کے مطابق کھل گئے، مردان اور صوابی میں بند

پشاور (بیورو رپورٹ) خیبر پختونخوا کے ضلع بنوں میں تمام سرکاری اور نجی تعلیمی ادارے کھل گئے جبکہ حساس علاقوں میں راستوں کی بندش کے باعث طلبہ کو تعلیمی اداروں تک پہنچنے میں مشکلات کا سامنا ہے۔ محکمہ تعلیم کے حکام (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 25)



ملیر میں 5 افراد کی لاشیں ملنے کا واقعہ، وزیر داخلہ سندھ کا نوٹس

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیر داخلہ سندھ ضیاء الحسن لنجار نے بن قاسم، ملیر سے پانچ افراد کی لاشیں ملنے کے واقعے کا نوٹس لیتے ہوئے ایس ایس پی ملیر سے مکمل تفصیلات طلب (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 41)

منشیات اور اسلحہ برآمدگی کے مقدمات، انمول عرف پنکی عدالت میں پیش نہ ہوسکی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) منشیات فروشی کے الزام میں گرفتار انمول عرف پنکی کو منشیات اور اسلحہ برآمدگی کے مقدمات میں عدالتی حکم کے باوجود پیش نہیں کیا گیا۔ جوڈیشل مجسٹریٹ جنوبی کراچی نے قرار دیا کہ سپرنٹنڈنٹ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 42)



اسلام آباد: صدر مملکت آصف علی زرداری سے مکہ دفاعی معاہدہ کے سیکریٹری جنرل ملاقات کررہے ہیں

قصبہ کالونی میں مبینہ زہریلی چیز کھانے سے ڈھائی سالہ بچی جاں بحق

تین سالہ بھائی کی حالت غیر، اسپتال میں طبی امداد جاری؛ اہل خانہ کا قانونی کارروائی سے انکار

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پیرآباد کے قریب قصبہ کالونی میں مبینہ طور پر زہریلی چیز کھانے سے ڈھائی سالہ بچی جاں بحق جبکہ اس کا تین سالہ بھائی بیمار ہوگیا۔ ریسکیو حکام کے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 26)

لاہور کا دنیا کے آلودہ ترین شہروں کی فہرست میں پہلا نمبر

لاہور (بیورو رپورٹ) لاہور دنیا کے آلودہ ترین شہروں کی فہرست میں پہلے نمبر پر آ گیا۔ عالمی ماحولیاتی ویب سائٹ کے مطابق لاہور میں ایئر کوالٹی انڈیکس کی مجموعی تعداد 199 ریکارڈ کی گئی ہے۔ ویب سائٹ کے مطابق (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 27)



5 افراد کی ہلاکت، تحقیقات سے مسلسل آگاہ رکھا جائے، آئی جی سندھ

کراچی (رپورٹ عامر صابر) شہر قائد کے علاقے بن قاسم میں ایک گھر سے ایک ہی خاندان کے پانچ افراد کی لاشیں ملنے کے واقعے کا آئی جی سندھ جاوید عالم اوڈھو (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 28)



کراچی: وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ دورہ چین کے موقع پر مختلف کمپنیوں کا دورہ کررہے ہیں



کراچی سی ٹی ڈی اور حساس اداروں کی کارروائیاں

4 مبینہ دہشت گرد گرفتار

4 دستی بم اور پستول برآمد؛ ملزمان حساس مقامات اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کو نشانہ بنانے کی منصوبہ بندی کر رہے تھے، ترجمان سی ٹی ڈی

کراچی (رپورٹ ہارون انصاری) کاؤنٹر ٹیررازم ڈیپارٹمنٹ (سی ٹی ڈی) کراچی نے وفاقی اور سول حساس اداروں کے ہمراہ شہر کے دو مختلف مقامات پر کارروائیاں کرتے ہوئے کالعدم تنظیموں بلوچستان لبریشن آرمی (بی ایل اے) اور سندھ ریولوشنری آرمی (ایس آر اے) سے تعلق رکھنے والے 4 مبینہ دہشت گردوں کو گرفتار کرلیا۔ ملزمان کے قبضے سے 4 دستی بم (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 29)



کراچی: سی ٹی ڈی اور حساس ادارے کی کارروائی گرفتار فتنہ الہندوستان کے دہشت گرد تحویل میں ہیں



شرجیل میمن سمیت تمام ملزمان اسپتال کے کمرے سے شراب برآمدگی کیس سے 8 سال بعد بری

پراسیکیوشن جرم ثابت نہ کرسکی، کیمیائی تجزیے میں الکحل کے شواہد نہیں ملے، جوڈیشل مجسٹریٹ جنوبی

تمام شواہد کا جائزہ لینے کے بعد عدالت نے ملزمان کو بری کیا ہے، عروشہ میمن، وکیل صوبائی وزیر

کراچی (اسٹاف رپورٹر) جوڈیشل مجسٹریٹ جنوبی نے ضیاء الدین اسپتال کے کمرے سے مبینہ شراب برآمدگی کے مقدمے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 40)



شہید ملت روڈ پر بائیک رائیڈر سے موٹر سائیکل اور موبائل فون چھین لیا گیا

ڈکیتی کے بعد محنت کش نوجوان سڑک کنارے بیٹھ کر روتا رہا، پہلے بھی دو مرتبہ

لٹ چکا ہوں، بچوں کا پیٹ پالنے کیلئے گھر سے نکلتا ہوں، متاثرہ رائیڈر کی دہائی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شہر قائد میں اسٹریٹ کرائم کی وارداتوں کا سلسلہ جاری ہے، شہید ملت روڈ کے قریب مسلح ملزمان آن لائن بائیک رائیڈر سے موٹر سائیکل اور موبائل (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 30)



لیویز کا اختیار حکومت سے واپس لینے کیلئے قانون سازی کی جائے

حافظ نعیم کا پارلیمانی جماعتوں کو خط

خیبر پختونخوا میں آئینی اور جمہوری نظام کے تحفظ کے لیے تمام سیاسی جماعتوں کو متحد ہونا چاہیے اور صوبے کے مسائل آئین، قانون اور جمہوری اصولوں کے مطابق حل کیے جانے چاہئیں، امیر جماعت اسلامی پاکستان

لاہور (بیورو رپورٹ) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان نے پارلیمانی جماعتوں کے سربراہان اور ارکان کو خط لکھ کر مطالبہ کیا (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 32)



رحمان بابا ایکسپریس حادثہ، صوبائی وزرا کا ریلوے نظام کی اصلاح اور شفاف تحقیقات کا مطالبہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر بلدیات سید ناصر حسین شاہ، صوبائی وزیر لائیو اسٹاک محمد علی ملکانی اور وزیراعلیٰ سندھ کے مشیر برائے محکمہ بحالی گیانچند ایسرانی نے ملتان (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 39)

بھارت، ٹوپی پہن کر خود کو مسلمان دکھانے والا شخص ہندوؤں کیخلاف اشتعال انگیز گفتگو کرتا پکڑا گیا

نئی دہلی (مانیٹرنگ ڈیسک) ٹوپی پہن کر خود کو مسلمان دکھانے والا شخص ہندوں کیخلاف اشتعال انگیز گفتگو کرتا پکڑا گیا۔ موقع پر موجود افراد نے دعوی کیا کہ مذکورہ شخص ہندو ہے اور مسلمانوں کے بھیس میں نفرت پھیلانے کی کوشش کر رہا تھا۔ صحافی نے پولیس سے تحفظ مانگا لیکن انہیں ہی حراست میں لینے کی کوشش کی گئی۔ شیام میرا سنگھ کے مطابق پولیس اہلکار نے بس میں ان پر ڈنڈے سے تین وار کیے۔


مال گاڑیوں کے پٹڑی سے اترنے کے واقعات، ریلوے کو مالی نقصان کا سامنا

مال گاڑیوں کے پٹڑی سے اترنے کے واقعات کی تعداد، ان کی وجوہات اور ادارے کو ہونے والے مالی نقصان کی تفصیلات جاری نہیں کی گئیں

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان ریلوے میں مال گاڑیوں کے پٹڑی سے اترنے کے متعدد واقعات کے باعث کارگو بوگیوں اور ریلوے تنصیبات کو پہنچنے والے نقصان پر تشویش (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 31)

گورنر سندھ کا قدرتی آفات سے نمٹنے کے لیے جدید ٹیکنالوجی اور پیشگی اقدامات پر زور

کراچی (اسٹاف رپورٹر) گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی نے قدرتی آفات کے خطرات میں کمی کے عالمی دن پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ قدرتی آفات سے ہونے والے نقصانات کم کرنے کے لیے جدید ٹیکنالوجی اور بروقت پیشگی اقدامات ناگزیر ہیں۔ پاکستان میں قدرتی آفات سے نمٹنے کے نظام میں مصنوعی ذہانت، سیٹلائٹ ٹیکنالوجی اور حقیقی وقت کے اعداد و شمار سے مدد لی جارہی ہے۔



رحمان بابا ٹرین حادثہ، ریسکیو آپریشن مکمل، 6 جاں بحق، 30 افراد زخمی

ملتان (بیورو رپورٹ) شیر شاہ پل کے قریب حادثے کے نتیجے میں چھ افراد جاں بحق اور 30 سے زائد زخمی ہوگئے، حادثے کا شکار ہونے والی رحمان بابا ایکسپریس پر ریسکیو (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 33)



آپ وزیراعظم کب بنیں گے؟، صحافی کا فیصل واوڈا سے سوال

پاک فوج کے شہدا کے خلاف بات کرنے والوں کی زبانیں کھینچ کر جوتوں کے سول بنائیں گے، پاکستان کے خلاف بات کرنیوالوں کی نسلیں تباہ کردیں گے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سینیٹر فیصل واوڈا نے پریس کانفرنس کے دوران (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 38)

کراچی میں 72 امیدواروں نے فائر فائٹر تربیتی کورس مکمل کرلیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) فیڈرل شہری دفاع تربیتی اسکول گلشن اقبال میں فائر فائٹر دوم کورس مکمل کرنے والے 72 امیدواروں میں اسناد تقسیم کی گئیں۔ کمانڈنٹ محبوب علی شیخ نے تربیتی کورس کی تکمیل کا اعلان کیا۔ تقریبِ تقسیم اسناد میں میزان بینک کے جنرل منیجر اور سربراہ برائے حکومتی تعلقات و سلامتی محمود رشید، گل زیب عباسی اور رضوان چھٹہ نے مہمانانِ خصوصی کی حیثیت سے شرکت کی۔



سندھ پبلک سروس کمیشن میں مبینہ بے ضابطگیوں کی تحقیقات شروع

نیب کراچی کا سیکریٹری سندھ پی ایس سی کو خط، اسکریننگ ٹیسٹ اور تحریری امتحان پاس کرنیوالے امیدواروں کی تفصیلات الگ طلب

کراچی (اسٹاف رپورٹر) نیب نے سندھ پبلک سروس کمیشن میں مبینہ بدعنوانی اور بے ضابطگیوں کی تحقیقات شروع کردی۔ نیب کے مطابق سندھ پبلک سروس کمیشن کے امتحان (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 35)

بچوں میں موٹاپے کی روک تھام کا آسان طریقہ، نئی تحقیق میں اہم انکشاف

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ایک نئی تحقیق میں انکشاف ہوا ہے کہ بچوں کی خوراک میں صرف ایک تبدیلی، یعنی میٹھے مشروبات کا استعمال کم کرکے پانی پینے کی عادت اپنانے سے موٹاپے پر قابو پانے میں مدد مل سکتی ہے۔ یہ پروگرام امریکی ریاست میساچوسٹس کے مختلف سماجی مراکز میں منعقد کیا گیا، جہاں بچوں کو تعلیمی سرگرمیوں، کہانیوں اور عملی مشقوں کے ذریعے میٹھے مشروبات سے گریز کریں۔



اقرار الحسن کا چار روزہ جسمانی ریمانڈ منظور، این سی سی آئی اے نے عدالت میں پیش کردیا

عوام راج تحریک کے سربراہ کے خلاف سائبر کرائم کا مقدمہ درج، لاہور سے گرفتاری کے بعد کراچی منتقل کیا گیا تھا، پیشی کے بعد NCCIA کی ٹیم انہیں واپس اپنے سیل میں لے گئی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 34)

پانی کی اور منصفانہ تقسیم پائیدار زرعی ترقی کے لیے ناگزیر ہے، سیکریٹری آبپاشی

جدید ٹیکنالوجی، ڈیجیٹل نگرانی اور مؤثر انتظامی نظام کے ذریعے آبی وسائل کے بہتر استعمال پر زور

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سیکریٹری آبپاشی سندھ ظریف کھیڑو نے کہا ہے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 36)



مریم نواز کا پنجاب بھر میں صفائی کا جامع مائیکرو پلان تیار کرنے کا حکم

ایک ہفتے میں ستھرا پنجاب کے ورکرز اور مشینری کی کمی پوری، صفائی کا بیٹ سسٹم نافذ اور غیر مؤثر نجی کمپنیوں کو فارغ کرنے کا حکم

لاہور (بیورو رپورٹ) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے صوبہ بھر میں صفائی کے نظام کو مؤثر بنانے کیلئے جامع مائیکرو پلان طلب کرتے ہوئے ستھرا پنجاب پروگرام کی مکمل (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 37)



لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف خصوصی اجلاس کی صدارت کررہی ہیں



کراچی؛ گورنر سندھ سید نہال ہاشمی سے مسلم ممالک کی جامعات کے چانسلرز ملاقات کررہے ہیں



روزنامہ تشکر نیوز کراچی

چیف ایڈیٹر: علی منصور

چیف ایڈیٹر و پبلشر علی منصور اور ارض وطن گروپ نے محمدی پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر سن ریو ریذیڈنسی III-B-1/3، فرسٹ فلور آفس نمبر 103 ناظم آباد نمبر 3 سے شائع کیا۔

فون نمبر: 0324-9215059، roznamatashakur786@gmail.com

آئی جی سندھ سے آل پاکستان گڈز ٹرانسپورٹ الائنس کے 10 رکنی وفد کی ملاقات، کمیٹیاں تشکیل

کراچی (کرائم رپورٹر) آئی جی سندھ جاوید عالم اوڈھو سے آل پاکستان گڈز ٹرانسپورٹ الائنس کے 10 رکنی وفد کی ملاقات ہوئی، جو سینٹرل پولیس آفس کراچی میں منعقد ہوئی۔ ملاقات میں ڈی آئی جی ہیڈکوارٹرز اور اے آئی جی آپریشنز سندھ بھی موجود تھے۔ صدر آل پاکستان گڈز ٹرانسپورٹ الائنس ملک شہزاد اعوان کی سربراہی میں ہونے والی ملاقات میں ملک شبیر خان، غلام یاسین خان، نثار حسین جعفری، بختاور خان وزیر، روفی خان، محمد فیضان خان، حاجی عمران، محمد رمضان اور عدیل عباسی شامل تھے۔ وفد نے صوبے، بالخصوص کچے کے علاقوں سے گزرنے والی شاہراہوں پر امن و امان کی مجموعی صورتحال اور سندھ پولیس کے اقدامات پر اطمینان کا اظہار کیا۔ ملاقات کے دوران وفد نے ٹرانسپورٹرز اور پولیس کے درمیان مؤثر روابط کو مزید مضبوط بنانے، مشترکہ لائحہ عمل مرتب کرنے اور اس پر عملدرآمد کی ضرورت پر زور دیا۔ وفد نے جرائم پیشہ عناصر کی جانب سے مال بردار گاڑیوں سے ڈیزل اور سامان چوری کرنے کی وارداتوں سمیت ٹرانسپورٹرز کو درپیش دیگر مسائل سے بھی آئی جی سندھ کو آگاہ کیا۔ آئی جی سندھ جاوید عالم اوڈھو نے ٹرانسپورٹرز کے مسائل کے حل کے لیے اعلیٰ سطح کی دو کمیٹیاں تشکیل دینے کی ہدایت کی۔ ایڈیشنل آئی جی کراچی کی سربراہی میں قائم کمیٹی کراچی کی شاہراہوں، جبکہ ڈی آئی جی سندھ پولیس ہائی وے پیٹرول کی سربراہی میں دوسری کمیٹی صوبے کی دیگر شاہراہوں پر ٹرانسپورٹرز کو درپیش مسائل کا جائزہ لے گی۔ صدر آل پاکستان گڈز ٹرانسپورٹ الائنس ملک شہزاد اعوان نے کہا کہ سندھ میں داخل ہوتے ہی ہم خود کو زیادہ محفوظ محسوس کرتے ہیں اور گزشتہ ایک سال کے دوران صوبے کی شاہراہوں، بالخصوص کچے کے علاقوں میں سیکیورٹی کی صورتحال نمایاں طور پر بہتر ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کچے کے علاقوں میں آپریشن نجات مہران کے باعث تجارتی سفر پہلے سے کہیں زیادہ محفوظ ہوا ہے اور ٹرانسپورٹرز کے مسائل کے حل کے لیے آئی جی سندھ کی جانب سے کمیٹیوں کی تشکیل کا فیصلہ خوش آئند ہے۔ آئی جی سندھ جاوید عالم اوڈھو نے کہا کہ صوبے کی شاہراہوں کو مستقل بنیادوں پر محفوظ بنانے کے لیے سندھ پولیس ہائی وے پیٹرول کی استعداد کار بڑھانے اور جدید ٹیکنالوجی کے استعمال کو مزید مؤثر بنایا جا رہا ہے۔



انہوں نے کہا کہ ٹرانسپورٹرز کو درپیش مسائل کا ترجیحی بنیادوں پر ازالہ کیا جائے گا، جبکہ ٹرانسپورٹرز کا تحفظ اور شاہراہوں پر محفوظ تجارتی سفر کو یقینی بنانا سندھ پولیس کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ آئی جی سندھ نے کہا کہ ٹرانسپورٹرز کی جانب سے گاڑیوں میں ٹریکرز کی تنصیب سے گاڑیوں کی نگرانی، حادثات اور محفوظ نقل و حرکت میں مدد ملتی ہے۔ انہوں نے متعلقہ تمام ڈی آئی جیز کو ہدایت کی کہ شاہراہوں پر پولیس پیٹرولنگ میں اضافہ یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ سندھ پولیس شاہراہوں پر جرائم کے خاتمے اور مسافروں و ٹرانسپورٹرز کے تحفظ کے لیے مؤثر اقدامات کر رہی ہے، جبکہ کچے کے علاقوں میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیوں کے ساتھ شاہراہوں پر سیکیورٹی اور گشت کا مؤثر نظام بھی قائم کیا گیا ہے۔ آئی جی سندھ نے ہدایت کی کہ ٹرانسپورٹرز کے مسائل کے حل کے لیے قائم کمیٹیاں شکایات کا تفصیلی جائزہ لے کر قابل عمل اقدامات پر مشتمل تجاویز مرتب کریں۔

کیماڑی پولیس کی کامیاب کارروائی، پولیس مقابلے میں مطلوب گینگ وار کاشف ڈاڈا گروپ کا کارندہ گرفتار



کراچی (کرائم رپورٹر) ضلع کیماڑی کے تھانہ پاک کالونی پولیس نے ایک کامیاب ٹارگٹڈ کارروائی کرتے ہوئے پولیس مقابلے کے مقدمے میں مطلوب گینگ وار کاشف ڈاڈا گروپ کے کارندے کو گرفتار کر لیا۔ گرفتار ملزم عبدالوہاب ولد اللہ بخش کے قبضے سے غیر قانونی پستول بمعہ ایمونیشن برآمد ہوا۔ پولیس کے مطابق ملزم نے اپنے ساتھیوں کے ہمراہ تین روز قبل پرانا گولیمار میں شاہین فورس کے جوانوں پر فائرنگ کی تھی، جس کے تبادلے میں تھانہ پاک کالونی شاہین فورس کے جوان ثناء اللہ ٹانگ میں گولی لگنے سے زخمی ہوگیا تھا۔ ملزمان اس وقت موقع سے فرار ہوگئے تھے، جن کے خلاف مقدمہ نمبر 277/26 بجرم دفعہ 353/324/34 مع 7 اے ٹی اے درج کیا گیا تھا۔ گرفتار ملزم کا تعلق لیاری گینگ وار کاشف ڈاڈا گروپ سے ہے اور وہ منشیات فروشی، اسٹریٹ کرائم اور گینگ وار سرگرمیوں میں بھی ملوث ہے۔ ملزم کے خلاف سندھ آرمز ایکٹ کے تحت مقدمہ نمبر 278/26 درج کر کے مزید تفتیش کی جا رہی ہے۔



زمان ٹاؤن پولیس کی کامیاب کارروائی، غیر قانونی اسلحہ رکھنے والے 2 ملزمان گرفتار



کراچی (کرائم رپورٹر) تھانہ زمان ٹاؤن پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے غیر قانونی اسلحہ رکھنے والے دو ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ گرفتار ملزمان کی شناخت محمد وقاص ولد محمد صابر اور شہزادو ولد منیر احمد کے نام سے ہوئی۔ پولیس کے مطابق ملزمان کے قبضے سے دو عدد 30 بور پستول بمعہ راؤنڈز برآمد کر لیے گئے۔ ملزمان کے خلاف تھانہ زمان ٹاؤن میں مقدمہ نمبر 1190/2026 بجرم دفعہ 23(i)(a) سندھ آرمز ایکٹ اور مقدمہ نمبر 1191/2026 بجرم دفعہ 23(i)(a) سندھ آرمز ایکٹ درج کیے گئے ہیں۔ دونوں گرفتار ملزمان کا سابقہ کرمنل ریکارڈ زیر تفتیش ہے۔





درفشاں سلیم کا وزن پر تنقید اور مذاق کرنے والے ناقدین کو جواب



کراچی کیلئے 100 کلومیٹر طویل K-IV فور پائپ لائن کی تعمیر، چینی کمپنی نے آمادگی ظاہر کردی




سکھر بیراج ان کے لیے انتہائی اہمیت رکھتا ہے اور یہ سندھ کی معاشی شہ رگ ہے، تقریباً 90 سال بعد بیراج کی باقاعدہ بحالی سے پانی کے بہاؤ میں نمایاں بہتری آئی ہے، مراد علی شاہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ نے کراچی کے لیے 100 کلومیٹر طویل کے فور پائپ لائن کی تعمیر پر جلد کام شروع کرنے کی ہدایت کردی، چینی کمپنی نے منصوبے پر آمادگی ظاہر کردی۔ وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے ووہان کے علاقے ہانیانگ میں واقع ایچ بی ایس زیڈ کمپنی کے دورے کے دوران کے فور پائپ لائن منصوبے پر تبادلہ خیال کیا۔ اس موقع پر انہوں نے سکھر بیراج کی بحالی اور جدید کاری کے لیے تیار کیے جانے والے دروازوں کا بھی معائنہ کیا۔ حکام کے مطابق چینی کمپنی نے 100 کلومیٹر طویل پائپ لائن کی تعمیر پر آمادگی ظاہر کی ہے، جبکہ وزیراعلیٰ سندھ نے منصوبے پر جلد از جلد کام شروع کرنے کی ہدایت کی۔ وزیراعلیٰ سندھ کو سکھر بیراج کی بحالی کے منصوبے پر پیش رفت کے حوالے سے بریفنگ بھی دی گئی۔ یہ منصوبہ چائنا روڈ اینڈ برج کارپوریشن اور ایچ بی ایس زیڈ کے مشترکہ تعاون سے جاری ہے۔ حکام کے مطابق سکھر بیراج کے دریائی پانی کے بہاؤ کو کنٹرول کرنے والے 54 دروازوں میں سے 44 اور ان کے آپریٹنگ سسٹم تبدیل کر کے فعال کر دیے گئے ہیں، جبکہ متعلقہ مقامات پر تعمیراتی مرمت کا کام بھی مکمل ہو چکا ہے۔ باقی 10 دروازے تیار کر لیے گئے ہیں اور انہیں جلد چین سے پاکستان منتقل کیا جائے گا۔ چینی حکام کے مطابق ان دروازوں میں سے ہر ایک کا وزن 50 ٹن سے زیادہ ہے۔ ایچ بی ایس زیڈ سکھر بیراج کے لیے 110 نہری دروازے بھی تیار کر رہی ہے۔ حکام نے بتایا کہ 2026 میں بیراج کی بندش کے دوران 27 نہری دروازوں کے سول ورکس اور اندرونی حصوں کی مرمت مکمل کی گئی، جبکہ پانی کی سطح ناپنے کے لیے چھ گیج ویلز تعمیر کر کے متعلقہ حکام کے حوالے کر دیے گئے۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ بیراج کے تمام علاقوں میں ڈریجنگ اور کھدائی کا کام مکمل ہو چکا ہے، تاہم ٹیل چینل میں کام باقی ہے، جو اگلے ورکنگ سیزن کے دوران کیا جائے گا۔ دروازے تیار کرنے والی ورکشاپ کی عمارت بھی مکمل کر لی گئی ہے۔ وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ نے کہا کہ سکھر بیراج ان کے لیے انتہائی اہمیت رکھتا ہے اور یہ سندھ کی معاشی شہ رگ ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ تقریباً 90 سال بعد بیراج کی باقاعدہ بحالی سے پانی کے بہاؤ میں نمایاں بہتری آئی ہے۔ سکھر بیراج کی بحالی کا منصوبہ 24 فروری 2023 کو شروع کیا گیا تھا اور اسے 30 جون 2027 تک مکمل کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ منصوبے کے لیے عالمی بینک، وفاقی حکومت اور سندھ حکومت مالی معاونت فراہم کر رہے ہیں، جبکہ سندھ بیراجز امپرومینٹ پروجیکٹ کے تحت گڈو بیراج کی بحالی کا کام بھی جاری ہے۔ وزیراعلیٰ سندھ نے چینی کمپنیوں کو سندھ کے آبی وسائل، زراعت اور بنیادی ڈھانچے کے شعبوں میں سرمایہ کاری کی دعوت بھی دی۔ انہوں نے موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات کا مقابلہ کرنے والی فصلوں کی اقسام تیار کرنے میں تعاون کی خواہش کا اظہار کیا۔



گڈاپ پولیس کی کارروائی، چپلوں میں چرس اسمگل کرنیوالا گروہ پکڑا گیا، موچی بھی نیٹ ورک میں شامل



کراچی (کرائم رپورٹر) گڈاپ پولیس نے بلوچستان سے چپلوں میں چھپا کر منشیات کراچی اسمگل کرنے والے گروہ کے دو مبینہ کارندوں کو گرفتار کرلیا۔ پولیس کے مطابق ملزمان خصوصی ساخت کی چپلوں میں خفیہ خانے بنا کر چرس منتقل کرتے تھے، جبکہ منشیات چھپانے کے لیے ایسی چپلیں تیار کرنے والا ایک موچی بھی مبینہ طور پر گروہ میں شامل ہے۔ ایس ایس پی ملیر ڈاکٹر عبدالخالق پیرزادہ کے مطابق گرفتار ملزمان کی شناخت ثاقب اور کامران کے نام سے ہوئی ہے، جو حب چوکی سے چرس لے کر گڈاپ پہنچے تھے۔ پولیس نے کارروائی کے دوران دونوں کو گرفتار کر کے مزید تفتیش شروع کردی ہے۔ پولیس حکام کے مطابق ملزمان نے چرس چھپانے کے لیے اپنی چپلوں میں خصوصی خفیہ خانے بنوا رکھے تھے۔ دونوں ملزمان کی چپلوں سے ایک، ایک کلو چرس چھپائے جانے کا انکشاف ہوا ہے۔ تفتیش کے دوران یہ بات بھی سامنے آئی ہے کہ منشیات کی ترسیل کے لیے استعمال ہونے والی خصوصی چپلیں تیار کرنے والا موچی بھی مبینہ طور پر اس نیٹ ورک کا حصہ ہے۔ ایس ایس پی ملیر کے مطابق منشیات کی سپلائی اور آپس میں رابطوں کے لیے ملزمان نے خفیہ الفاظ بھی مقرر کر رکھے تھے۔ منشیات کی ترسیل کے سلسلے میں ''حال حوال'' کا کوڈ استعمال کیا جاتا تھا، جس کے ذریعے مبینہ طور پر سپلائی سے متعلق رابطے کیے جاتے تھے۔ پولیس نے گرفتار ملزمان کے دیگر ساتھیوں اور منشیات کی ترسیل کے پورے نیٹ ورک کے بارے میں تحقیقات شروع کردی ہیں، جبکہ ملزمان کا سابقہ مجرمانہ ریکارڈ بھی چیک کیا جا رہا ہے۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ مزید تفتیش کے ذریعے گروہ کے دیگر ارکان اور منشیات کی سپلائی کے طریقہ کار سے متعلق معلومات حاصل کی جائیں گی۔



ایس ایس پی سینٹرل کا کمانڈ اینڈ کنٹرول، آئی ٹی اور سی آر او برانچز کی رینوویشن کے بعد افتتاح



کراچی (کرائم رپورٹر) ایس ایس پی ڈسٹرکٹ سینٹرل ڈاکٹر محمد عمران خان نے ایس ایس پی آفس ڈسٹرکٹ سینٹرل میں کمانڈ اینڈ کنٹرول، آئی ٹی برانچ اور سی آر او برانچ کی رینوویشن کے کام کے بعد ان کا افتتاح کیا۔ ایس ایس پی ڈاکٹر محمد عمران خان نے دفتر کی دیگر برانچز میں رینوویشن کے بعد مکمل ہونے والے کام کا بھی جائزہ لیا اور دفتری امور کو مزید منظم، مؤثر اور بہتر بنانے کے حوالے سے اقدامات کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر ایس ایس پی ڈسٹرکٹ سینٹرل نے متعلقہ برانچز کے انتظامی و دفتری امور کا جائزہ لیتے ہوئے ہدایت کی کہ دفتری ماحول کو بہتر بنانے، جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے اور سرکاری امور کی انجام دہی میں بہتری لانے کے لیے اقدامات جاری رکھے جائیں۔ کمانڈ اینڈ کنٹرول، آئی ٹی اور سی آر او برانچز کی رینوویشن کا مقصد دفتری سہولیات میں بہتری اور پولیس کے انتظامی و تکنیکی امور کو مزید مؤثر بنانا ہے۔




سندھ ہائیکورٹ، کے ڈی اے کو 3 ہفتوں میں معذور کوٹہ نافذ کرنے کا حکم

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ ہائیکورٹ نے کراچی ڈیولپمنٹ اتھارٹی (کے ڈی اے) کو 3 ہفتوں میں معذور افراد کا کوٹہ نافذ کرنے کا حکم دے دیا ہے۔ عدالت نے واضح کیا کہ معذور افراد کے قانونی حقوق کو نظرانداز نہیں کیا جاسکتا۔ دستیاب اسامیوں پر کوٹے کا نفاذ شفاف طریقے سے یقینی بنایا جائے۔ واضح رہے کہ یہ معاملہ بینائی سے محروم بہن بھائی کو ملازمت نہ دینے سے متعلق ہے، جس پر چیف سیکریٹری سندھ اور ڈی جی کے ڈی اے کے خلاف توہین عدالت کی درخواست دائر کی گئی۔ سماعت کے دوران ڈی جی کے ڈی اے عدالت میں پیش ہوئے اور بتایا کہ ادارے میں معذور افراد کے کوٹے پر بھرتیوں کا کوئی نظام موجود نہیں۔ عدالت نے ہدایت کی کہ دستیاب اسامیوں پر معذور کوٹہ شفاف انداز میں نافذ کیا جائے اور بھرتیوں کے دوران امیدواروں کی اہلیت کے ساتھ متعلقہ قواعد پر عمل درآمد بھی یقینی بنایا جائے۔ عدالت نے واضح کیا کہ معذور افراد کو قانون کے تحت حاصل حقوق سے محروم نہیں رکھا جاسکتا، ان کے حقوق کا تحفظ ضروری ہے۔ درخواست گزاروں کے وکیل عثمان فاروق ایڈووکیٹ کے مطابق عدالت پہلے ہی معذور کوٹے کے تحت دونوں بہن بھائی کو مستقل کرنے کا حکم دے چکی تھی۔ صائمہ اور مجتبیٰ کے ڈی اے میں کنٹریکٹ پر تعینات ہوئے تھے اور دونوں نے وہاں 2 سے 3 سال تک کام کیا۔ عثمان فاروق ایڈووکیٹ نے عدالت کو بتایا کہ دونوں بہن بھائی کو معذور کوٹے کے تحت مستقل کیا جانا تھا، تاہم کے ڈی اے نے انہیں مستقل کرنے کے بجائے دونوں کے کنٹریکٹ بھی ختم کر دیے۔ معاملے پر توہین عدالت کی درخواست دائر کی گئی تھی۔ آج سماعت کے دوران سندھ ہائیکورٹ نے معذور کوٹہ نافذ کرنے کے لیے 3 ہفتوں کی مہلت مقرر کردی۔



ہیوی ٹریفک کے 2 حادثات، موٹر سائیکل سوار 2 افراد جاں بحق



ویمن میڈیا سینٹر کے 20 سال مکمل، سابق طالبات اور انٹرنز کے اعزاز میں خصوصی تقریب



گلشن اقبال ٹاؤن میں 1005 گلیوں اور سڑکوں کی تعمیر و بحالی کا آغاز کر دیا، منعم ظفر



فیسٹیول کے انعقاد سے دنیا بھر میں کراچی اور ملک کا مثبت چہرہ اجاگر ہوگا، کمشنر کراچی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کمشنر کراچی سید حسن نقوی کی زیر صدارت آرٹس کونسل میں منعقدہ ایک اجلاس میں فیصلہ کیا گیا ہے کہ 29 اکتوبر سے 22 نومبر 2026 تک کراچی آرٹس کونسل کے زیر اہتمام حکومتِ سندھ کے تعاون سے منعقد ہونے والے تیسرے ورلڈ کلچر فیسٹیول کی کامیابی کے لیے کراچی انتظامیہ، سیکیورٹی ادارے، بلدیہ عظمیٰ، ٹاؤن ایڈمنسٹریشنز، سول ڈیفنس اور دیگر شہری ادارے اپنا کردار بھرپور طور پر ادا کریں گے۔ یقینی بنایا جائے گا کہ فیسٹیول کے ذریعے دنیا بھر میں کراچی اور ملک کا مثبت چہرہ اجاگر ہو۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ ثقافت، ادب اور مثبت سرگرمیوں کے فروغ کے لیے حکومتِ سندھ کی کوششیں آرٹس کونسل کے زیر اہتمام منعقدہ فیسٹیول کو کامیاب بنانے میں مدد دیں گی۔ کمشنر نے تمام اداروں کو ہدایت کی کہ وہ وزیراعلیٰ سندھ اور چیف سیکریٹری سندھ کی ہدایت کی روشنی میں آرٹس کونسل کو کامیاب بنانے میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں اور یقینی بنائیں کہ دنیا بھر سے شرکت کرنے والے مہمان ایک مثبت، اچھا اور دیرپا تاثر لے کر جائیں اور اسے اپنے ملکوں میں مثال بنائیں۔ فیصلہ کیا گیا کہ اس موقع پر سیکیورٹی کے خصوصی انتظامات کیے جائیں گے۔ کمشنر نے ڈپٹی کمشنرز، ایس ایس یو اور پولیس کو فول پروف سیکیورٹی اقدامات کرنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ ایونٹس کے تمام مقامات کی تزئین و آرائش کی جائے گی اور مہمانوں کو شہر کے یادگار، خوبصورت اور تاریخی و ثقافتی اہمیت و افادیت کے حامل مقامات، خاص طور پر کراچی یونیورسٹی، این ای ڈی یونیورسٹی، زیبسٹ اور دیگر تعلیمی اداروں کا دورہ کرایا جائے گا۔ اس موقع پر ان کے راستوں کو سجایا جائے گا اور صفائی ستھرائی کے خصوصی اقدامات کیے جائیں گے۔ فیصلہ کیا گیا کہ غیر ملکی مندوبین اور مہمانوں کو بانی پاکستان قائد اعظم محمد علی جناح کے مزار کا دورہ کرایا جائے گا تاکہ مہمانوں کو ایک پرامن، روشن اور لبرل پاکستانی معاشرے کے حقیقی اور خوبصورت عکس سے روشناس کرایا جاسکے۔ فیسٹیول میں دنیا کے تیس سے زائد ممالک کے نامور پینٹرز اور فنکار شرکت کریں گے، جو شہر کے مختلف مقامات کا دورہ کریں گے۔ بلدیہ عظمیٰ اور ٹاؤن میونسپل ایڈمنسٹریشنز اس موقع پر خصوصی اقدامات کر کے شہر بھر میں میلے جیسا ماحول پیدا کرنے کے اقدامات کریں گی۔ اجلاس میں صدر آرٹس کونسل احمد شاہ، ڈپٹی کمشنر جنوبی جاوید نبی کھوسو، میونسپل کمشنر بلدیہ عظمیٰ ابرار جعفر، ڈائریکٹر سول ڈیفنس، ایس ایس یو اور پولیس کے سینئر افسران اور کنٹونمنٹ بورڈز کے افسران نے شرکت کی، جبکہ دیگر ڈپٹی کمشنرز اور متعلقہ اداروں کے افسران نے ویڈیو لنک کے ذریعے شرکت کی۔ احمد شاہ نے کمشنر کو ورلڈ کلچر فیسٹیول اور دنیا بھر سے آنے والے فنکاروں اور پروگراموں کی تفصیلات سے آگاہ کیا۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ آرٹس کونسل میں پروگراموں کے انعقاد اور انتظامات کے سلسلے میں کسی بھی انتظامی رہنمائی اور مدد کے لیے ڈپٹی کمشنر جنوبی جاوید نبی کھوسو نگرانی کریں گے۔ ڈی سی جنوبی کی جانب سے آرٹس کونسل میں ایک ڈیسک قائم کیا جائے گا، جو منتظمین اور مہمانوں کی رہنمائی اور مدد کرے گا۔ اجلاس میں آرٹس کونسل کے اندر اور عمارت سے باہر پروگراموں کے انعقاد کے لیے استعمال ہونے والی عمارتوں میں فائر سیفٹی انتظامات کا جائزہ لیا گیا۔ فیصلہ کیا گیا کہ ڈپٹی کمشنر جنوبی کی نگرانی میں آرٹس کونسل کی عمارت اور دیگر پروگراموں کے انعقاد کے لیے استعمال ہونے والی عمارتوں کا فائر سیفٹی آڈٹ کیا جائے گا۔ کمشنر نے ڈپٹی کمشنر جنوبی اور ڈائریکٹر سول ڈیفنس کو ہدایت کی کہ وہ آرٹس کونسل کے ساتھ مل کر فائر سیفٹی انتظامات کو یقینی بنائیں۔





اورنگی ٹاؤن میں پولیس کا سرچ آپریشن، مشتبہ افراد کی بائیومیٹرک تصدیق






سہراب گوٹھ پولیس کا حقہ اور شیشہ کیفیز کیخلاف کریک ڈاؤن، 11 افراد گرفتار، 9 حقے برآمد





صدر کی مارکیٹوں میں لوڈشیڈنگ، آل صدر الائنس کا کے الیکٹرک حکام سے رابطہ



بقیہ روزنامہ تشکر 1

میں اعلیٰ سول و عسکری حکام اور شہدا کے عزیز و اقارب نے بھی شرکت کی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق پاک فوج اور قوم دونوں بہادر افسران کی عظیم قربانی کو خراجِ عقیدت پیش کرتی ہے، شہدا کی جرات، لگن اور وطن سے غیر متزلزل وابستگی ہمیشہ باعث فخر رہے گی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق دونوں شہدا کو آبائی علاقوں میں فوجی اعزازات کے ساتھ سپردِ خاک کیا جائے گا۔ دوسری جانب وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ صوبوں سے جلد مشاورت مکمل کرنے کے بعد گندم کی قیمت کا اعلان کیا جائے گا۔ اسلام آباد میں قومی زرعی وغذائی تحفظ کونسل کے پہلے اجلاس میں نائب وزیراعظم اسحاق ڈار، وفاقی وزرا رانا تنویر حسین، مصدق ملک، جام کمال، احد خان چیمہ، احسن اقبال، عطا تارڑ، خالد حسین مگسی، میاں معین وٹو، رانا ثنا اللہ، ہارون اختر، وزیراعلیٰ پنجاب، وزیر زراعت سندھ مخدوم محبوب الزمان شریک ہوئے۔ اجلاس سے خطاب میں وزیراعظم نے کہا کہ زراعت ملکی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے، زراعت معیشت کو قلیل مدت میں ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کی استعداد رکھتی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ وزیراعلیٰ سندھ کسانوں کی ترقی، انہیں سہولتیں فراہم کرنے کے لیے محنت کر رہے ہیں، لائیو اسٹاک کا شعبہ بھی ملکی برآمدات بڑھانے کی وسیع استعداد رکھتا ہے۔ شہباز شریف نے یہ بھی کہا کہ پاکستانی حلال گوشت کی برآمدات میں اضافے کے لیے اقدامات کر رہے ہیں، وفاقی حکومت صوبوں کو زراعت کی ترقی کے لیے ہر قسم کا تعاون فراہم کرے گی۔ ان کا کہنا تھا کہ کم لاگت پر کھاد، بیج، مشینری، پانی کے بہتر استعمال کے لیے آلات و تکنیکی صلاحیتوں کی فراہمی اولین ترجیح ہے، چھوٹے و درمیانے درجے کے کسانوں کو ان کی فصل کی صحیح قیمت فراہم کرنا ترجیح ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ ملکی ضروریات کو پورا کرنے کیلئے گندم وافر مقدار میں موجود ہے، گندم کی ذخیرہ اندوزی کرنے والوں کو کسی قسم کی رعایت نہیں دی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ گندم کی بوائی سے پہلے اس کی صحیح قیمت کا تعین ضروری ہے تاکہ کسانوں کو محنت کا مناسب معاوضہ ملے، چاہتے ہیں کسانوں کو گندم کی صحیح قیمت اور صارف کو سستی گندم ملے۔ شہباز شریف نے کہا کہ گندم کی قیمت سے متعلق فیصلہ صوبوں کی مشاورت کے ساتھ کیا جائے گا، صوبوں کے ساتھ مشاورت مکمل کر کے جلد گندم کی قیمت کا اعلان کیا جائے گا۔

بقیہ روزنامہ تشکر 2

ہوئے کہا کہ انہیں سمجھ لینا چاہیے کہ ہندوستان کے آئین کو تباہ کر کے بچ نکلنا آسان نہیں ہوگا۔ انڈیا بلاک اور سول سوسائٹی کے اجلاس کے بعد مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے راہل گاندھی نے کہا کہ اپوزیشن جماعتیں مل کر جمہوریت کی بحالی اور ملک میں حقیقی جمہوری نظام قائم کرنے کے لیے جدوجہد کر رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ الگ الگ احتجاج نہیں ہیں، بلکہ ان سب کا ایک ہی مقصد ہے اور وہ ہندوستان میں جمہوریت کو بحال کرنا ہے۔ راہل گاندھی نے جنتر منتر پر احتجاج کی اجازت اور جمہوری اظہار کے مواقع محدود کیے جانے پر بھی اعتراض کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ حکومت نے فیصلہ کیا ہے کہ جنتر منتر کو اب جمہوری جذبات کے اظہار کے لیے استعمال نہیں کیا جا سکتا، لیکن اپوزیشن اس سوچ کو چیلنج کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت یہ نہ سمجھے کہ ہندوستان کے عوام اپنی آواز کے لیے جدوجہد نہیں کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ کل کے احتجاج میں صرف سیاسی جماعتوں کے نمائندے ہی نہیں، بلکہ ملک کے عام شہریوں کے جذبات بھی شامل تھے۔ راہل گاندھی نے دہلی اور ملک کے دیگر حصوں کے ان لوگوں کا شکریہ ادا کیا جنہوں نے اپوزیشن کا ساتھ دیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ لڑائی کسی سیاسی جماعت کے مفاد کے لیے نہیں، بلکہ ہندوستان کے عوام اور ان کے مستقبل کے لیے ہے۔ کاکروچ جنتا پارٹی کے سربراہ ابھیجیت دیپکے نے نریندر مودی کو بزدل ترین آدمی قرار دے دیا۔ بھارتی نوجوان مودی سرکار پر پھٹ پڑے، غداری کا لیبل لگا دیا، بھارتی سیکیورٹی اہل کاروں کو تمیز کے دائرے میں رہنے کا سبق پڑھا دیا۔ ابھیجیت دیپکے نے 13 کروڑ ووٹ غائب کرنے پر چیف الیکشن کمشنر کے استعفے تک جدوجہد جاری رکھنے کا عزم ظاہر کر دیا ہے۔ نئی دہلی میں 24 گھنٹے بعد انٹرنیٹ کھلا تو شہر کی اصل صورت حال دنیا کے سامنے آ گئی۔ بھارت کی مودی سرکار نوجوانوں سے ڈر گئی، کاکروچ جنتا پارٹی کے رہنماں کو 20 گھنٹوں بعد رہا کرنے پر مجبور ہوئی لیکن 1 سال تک کچھ نہ کرنے کا حلف نامہ بھروا لیا۔

بقیہ روزنامہ تشکر 3

کرتا ہے اور وہ کسی بھی فریق کے ساتھ بات چیت سے بھی پیچھے نہیں ہٹا۔ عرب میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کاظم غریب آبادی نے کہا کہ ایران کی جانب سے پیش کیے گئے فارمولے پر امریکی جواب کا جائزہ آخری مرحلے میں ہے۔ انہوں نے کہا کہ تہران سفارت کاری کے لیے تیار ہے، تاہم شرط یہ ہے کہ بات چیت حقائق کی بنیاد پر کی جائے۔ ایرانی نائب وزیر خارجہ نے واضح کیا کہ جب تک امریکا اپنے وعدوں پر عمل درآمد نہیں کرتا، ایران کی جانب سے اس معاملے میں کسی قسم کی لچک کی توقع نہ رکھی جائے۔ کاظم غریب آبادی کا کہنا تھا کہ اپنے دفاع اور جنگ کے لیے ایران کی تیاری بھی اتنی ہی مضبوط ہے جتنی مذاکرات کے لیے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 4

سائنسدانوں اور انجینئرز کو مبارکباد دی ہے۔ تجربے کا مشاہدہ کمانڈر آرمی راکٹ فورس کمانڈ، پاک فوج کے سینئر افسران، سائنسدانوں اور انجینئرز نے کیا۔ کمانڈر آرمی راکٹ فورس کمانڈ نے سائنسدانوں اور انجینئرز کی لگن اور تکنیکی مہارت کو سراہا۔

بقیہ روزنامہ تشکر 5

اجلاس میں خیبر پختونخوا کی موجودہ سیاسی و آئینی صورتِ حال، صوبے میں ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ، منتخب حکومت کے خاتمے اور سیاسی کارکنوں کی گرفتاریوں کی سخت الفاظ میں مذمت کی گئی۔ اجلاس کے شرکا نے خیبر پختونخوا کے منتخب وزیراعلیٰ سہیل آفریدی سمیت پاکستان تحریک انصاف کے قائدین کی گرفتاریوں کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اسے صوبے کے عوامی مینڈیٹ اور جمہوری اقدار کے منافی قرار دیا۔ شرکا نے مطالبہ کیا کہ گرفتار رہنماں اور سیاسی کارکنوں کے بنیادی حقوق کا تحفظ یقینی بنایا جائے اور آئین و قانون کی بالادستی برقرار رکھی جائے۔ اجلاس میں شرکا نے کہا کہ 11 اکتوبر کو سیاہ دن کے طور پر یاد رکھا جائے گا۔ اجلاس میں خیبر پختونخوا میں گورنر راج کے نفاذ اور منتخب حکومت کے خاتمے پر شدید تشویش کا اظہار کیا گیا۔ شرکا نے مطالبہ کیا کہ گورنر راج کے نفاذ کا فیصلہ فوری طور پر واپس لیا جائے اور صوبے کے عوام کے جمہوری مینڈیٹ کا احترام یقینی بنایا جائے۔ شرکا نے کہا کہ خیبر پختونخوا پہلے ہی امن و امان کے سنگین مسائل سے دوچار ہے، ایسے حالات میں سیاسی محاذ آرائی اور غیر جمہوری اقدامات مسائل میں مزید اضافے کا باعث بن سکتے ہیں۔ اجلاس میں صوبے میں سیاسی کارکنوں کی گرفتاریوں کی بھی شدید مذمت کی گئی اور مطالبہ کیا گیا کہ بنیادی حقوق اور منتخب نمائندوں کے آئینی اختیارات کا احترام کیا جائے۔ جمعیت علمائے اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے اجلاس کو حکومت کے ساتھ ہونے والے مذاکرات سے آگاہ کیا اور کہا کہ میری حکومت کے ساتھ بات چیت مکمل ہونے کے باوجود حکومت نے یہ غیر آئینی قدم اٹھایا۔ دوسری جانب چیئرمین پاکستان تحریک انصاف بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ کی حراست بہت بڑی غلط بات ہے۔ پارلیمنٹ ہاؤس اسلام آباد میں میڈیا سے گفتگو میں بیرسٹر گوہر نے استفسار کیا کہ کیا وزیراعلیٰ بھی کبھی گرفتار ہوئے ہیں، کیا وزیراعلیٰ کو ایسے ہٹایا جاتا ہے؟ منتخب حکومت کو ایسے گرایا جاتا ہے؟ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ اگر حراست میں ہے یہ بہت بڑی غلط بات ہے، سہیل آفریدی ہمارے وزیراعلیٰ ہیں، انہیں بانی پی ٹی آئی کی حمایت حاصل ہے۔ رابطوں کے سوال پر جواب میں بیرسٹر گوہر نے کہا کہ مجھے معلوم نہیں کہ آپ کا رابطوں سے کیا جھگڑا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ آپ نے 58 ٹو بی کو زندہ کر دیا، جو مارشل لا کی پیداوار ہے۔ پاکستان تحریک انصاف نے گورنر راج اور ایمرجنسی کے نفاذ کے خلاف ہائی کورٹ میں درخواست دائر کرنے کا اعلان کر دیا۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ گورنر راج اور ایمرجنسی کے نفاذ کے خلاف ہائی کورٹ میں درخواست دائر کر رہے ہیں۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ اپنی آئینی و قانونی جدوجہد جاری رکھیں گے، آزاد جمہوری نظام اور آزاد عدلیہ کے حامی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جمہوری حکومت کو ختم کر کے ایمرجنسی اور گورنر راج کا نفاذ غیر قانونی ہے۔ قائد حزب اختلاف سینیٹ علامہ راجا ناصر عباس نے کہا ہے کہ گورنر راج کے بعد یہ ایسے بولتے کہ یہ فاتح ہیں، کیا عوام راضی ہیں، کیا عوام جشن منا رہے ہیں۔ سینیٹ میں خطاب کرتے ہوئے راجا ناصر عباس نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں عوام کے حق پر ڈاکا ڈالا گیا ہے، صوبے میں ایمرجنسی اور گورنر راج کا نفاذ کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ میرے اپوزیشن کے لوگ آج سینیٹ میں بات کریں گے، کیا یہاں پر بھی بات کرنا جرم ہے، یہاں بھی پابندی لگائی جائے گی۔ اپوزیشن لیڈر نے مزید کہا کہ جو آئین کو پاؤں تلے روندے کیا وہ اس امانت کے اہل ہیں، اس ملک میں لاقانونیت کا سامنا ہے، ملک میں بنیادی انسانی حقوق معطل ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ رانا ثنا آج بات کرنے دیں ہمیں، معلوم ہے کہ آپ نہیں چاہتے تھے یہ ہو، خیبر پختونخوا میں عوام کے حق پر ڈاکا ڈالا گیا ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 6

نوٹیفکیشن کے مطابق پٹرول کی قیمت میں 2 روپے 71 پیسے فی لٹر جبکہ ہائی سپیڈ ڈیزل کی قیمت میں 3 پیسے فی لٹر کمی کی گئی۔ قیمتوں میں کمی کے بعد پٹرول کی قیمت 392 روپے 66 پیسے جبکہ ہائی سپیڈ ڈیزل کی قیمت 396 روپے 82 پیسے فی لٹر ہو گئی۔ اوگرا نے حکومتی پٹرولیم پرائسنگ میکنزم کے تحت 14 اکتوبر 2026 کے لیے پٹرولیم مصنوعات کی ایکس ڈپو قیمتوں میں ردوبدل کر دیا۔ پٹرولیم ڈویژن کے مطابق اعلان کردہ قیمتیں عالمی مارکیٹ میں پٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں سے منسلک ہیں۔ اعلامیے کے مطابق عالمی مارکیٹ میں تبدیلیوں، پلاٹس ریٹس، پریمیم اور دیگر اخراجات کے مطابق پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ردوبدل کیا گیا۔

بقیہ روزنامہ تشکر 7

خلاف موثر بیانیہ تشکیل دینے کا عزم اور حوصلہ موجود ہے، طالبان کے پیش کردہ اسلام کا حقیقی اسلام سے کوئی تعلق نہیں، سڑکوں پر لاکھوں افراد لانے اور گورنر ہاؤس کا گھیراؤ کا اعلان کرنے والے ایک درجن افراد بھی باہر نہیں لا سکے۔ وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے عطا تارڑ نے کہا کہ ملک میں ایسی حکومت نہیں ہوسکتی جو دہشتگردوں سے ہمدردی کرے، ملک میں ایسی حکومت نہیں ہوسکتی جو ایسی پالیسی اپنائے جو دہشتگردوں کو اپنی کارروائیاں اور سرگرمیاں جاری رکھنے کا موقع فراہم کرے، ہم پی ٹی آئی کے ساتھ دہشتگردی کے خلاف اقدامات اور مشترکہ پالیسی کے بارے میں مذاکرات کر رہے تھے، دہشتگردی کیخلاف ایک ہی ملک میں دو مختلف پالیسیاں کیسے ہوسکتی ہیں؟ انہوں نے کہا کہ آئین سازوں نے ان دفعات کو آئین میں ایسے ہی حالات سے نمٹنے کیلئے شامل کیا تھا، 1973 کے آئین کے تحت قانونی طور پر درست اقدامات کیے گئے، صوبے میں حکمرانی کا نظام مکمل طور پر مفلوج ہو چکا تھا، صوبے میں امن و امان کی صورتحال بھی مکمل طور پر خراب ہو گئی تھی، اطلاعات ہیں کہ جن علاقوں میں دہشتگرد سرگرم ہیں، وہاں دیگر سیاسی جماعتوں کے نمائندوں کو بحفاظت گزرنے کی اجازت نہیں دی جاتی۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ پی ٹی آئی کا مارچ ان اضلاع سے ان دہشت گرد تنظیموں کے ساتھ رابطہ کاری کے بعد گزرا، مارچ کو ان علاقوں سے بحفاظت گزرنے کی اجازت ہے، یہ کیسے ممکن ہے؟ انہوں نے کہا کہ این ایف سی کے ذریعے اب تک خیبر پختونخوا حکومت کو تقریباً 800 ارب روپے فراہم کیے جا چکے، سوال یہ ہے کہ یہ بہت بڑی رقم ہے، اسے دہشتگردی کے خلاف کاؤنٹر ٹیررازم ڈپارٹمنٹ قائم کرنے پر کیوں خرچ نہیں کیا گیا؟ یہ رقم خیبر پختونخوا میں سیف سٹی کیمرے نصب کرنے کیلئے کیوں استعمال نہیں ہوئی؟ فارنزک لیبارٹری قائم کرنے یا پولیس کیلئے جدید آلات خریدنے کی غرض سے یہ وسائل کیوں استعمال نہیں کیے گئے؟ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں لوگ ہر ممکن طریقے سے دہشت گردی کا خاتمہ چاہتے ہیں، اس دہشت گردی سے ان کی زندگی اور روزگار بری طرح متاثر ہو رہے ہیں، طالبان کے پیش کردہ اسلام کا حقیقی اسلام سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ اگر کے پی کے عوام پی ٹی آئی حکومت کے دہشت گردی کے حامی موقف کی حمایت کرتے تو لاکھوں افراد سڑکوں پر ہوتے، ہم نے اس حوالے سے بڑھکیں بھی سنیں، کے پی ترجمانوں نے کہا تھا کہ اگر گورنر راج یا ایمرجنسی نافذ ہوئی تو لاکھوں افراد سڑکوں پر نکل آئیں گے، گورنر ہاؤس کا گھیراؤ کریں گے، لیکن یہ ایک درجن افراد کو بھی باہر نہیں لا سکے۔ عطا تارڑ نے کہا کہ خیبر پختونخوا کے عوام نے وفاق کے اس اقدام کا خیر مقدم کیا ہے، عوام کو امید پیدا ہوئی ہے کہ اب ان کے حالات بہتر ہو سکتے ہیں، انہیں یقین ہے کہ اب انہیں تحفظ اور سلامتی فراہم کی جائے گی، ان کے جان و مال اور روزگار محفوظ ہوں گے، عوام کو یقین ہے کہ اب سیاست، دہشت گردی اور جرائم کے اس گٹھ جوڑ کا خاتمہ کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ سابقہ صوبائی کابینہ اور تشکیل دی گئی کابینہ کے ارکان کی قابلیت اور تجربے کا تقابل کریں تو واضح فرق نظر آئے گا، نئی ٹیم کا ہر فرد اپنے اپنے شعبے میں نمایاں صلاحیتوں کا حامل ہے، ہر فرد وسیع تجربہ رکھتا ہے، اور عوامی خدمت کے میدان میں کام کر چکا ہے، یہ ایک مشاورتی کونسل ہے جس میں قبائلی توازن برقرار رکھا گیا ہے، اس مشاورتی کونسل میں صنفی نمائندگی کا خیال رکھا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ نئی کابینہ میں دہشت گردی کے خلاف موثر بیانیہ تشکیل دینے کا عزم اور حوصلہ موجود ہے، اس کابینہ میں دہشت گردی کا کوئی ہمدرد نہیں ملے گا، پی ٹی آئی حکومت کی کابینہ اور اس کابینہ کے درمیان زمین آسمان کا فرق ہے، پی ٹی آئی کی پچھلی حکومت سیاست، دہشتگردی، جرائم کے اس گٹھ جوڑ کو توڑنے کے لیے تیار نہیں تھی۔ وفاقی وزیر نے بتایا کہ گزشتہ 6 برسوں میں دہشتگردی کے واقعات میں تقریباً 11 گنا اضافہ ہوا، 2025 میں دہشتگردی کے 3774 واقعات پیش آئے، ستمبر 2026 تک رواں سال میں 2857 واقعات پیش آ چکے ہیں، گزشتہ 5 برسوں کے دوران دہشتگردی کے 6924 مقدمات درج کیے گئے، گزشتہ 6 برسوں میں جانی نقصانات میں بھی تقریباً 10 گنا اضافہ ہوا، 2021 میں دہشت گردی کے نتیجے میں 267 افراد جاں بحق ہوئے تھے، 2026 میں یہ تعداد 2775 ہو گئی، 2025 میں 3512 افراد کی ہلاکتیں ریکارڈ کی گئیں۔ عطا تارڑ نے بتایا کہ صفِ اول میں لڑنے والی خیبر پختونخوا پولیس کو سب سے زیادہ نقصان اٹھانا پڑا، پولیس کو نشانہ بنانے کے واقعات میں 168 فیصد اضافہ ہوا، دہشتگردی کے واقعات میں شہید ہونے والوں کا خون کس کے ہاتھ پر تلاش کریں، پی ٹی آئی نے پولیس کو ضروری وسائل فراہم نہیں کیے، اسے بااختیار نہیں بنایا، بڑے دہشتگرد حملوں کی تعداد 1364 رہی، پولیس اہلکاروں کی ہلاکتوں کی تعداد 1532 رہی، گزشتہ دو برسوں میں پولیس کی 18 تنصیبات کو نشانہ بنایا گیا۔ وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ اگر ایمرجنسی کا نفاذ سیاسی مقاصد کیلئے ہوتا تو یہ اقدام پہلے بھی کیا جا سکتا تھا، خیبر پختونخوا کی سابقہ حکومت کا دہشت گردی کے خلاف عدم تعاون اور کردار ریکارڈ پر ہے۔ اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ اگر ترجیح دہشتگردی کے خاتمے کی بجائے سیاسی مفادات کے لیے لوگوں کو متحرک کرنا ہو اور وفاقی اداروں کے ساتھ مل کر دہشتگردی کے خلاف مربوط کوششیں نہ کی جائیں تو یہ افسوسناک ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 8

جانب سے کپتان کوشل مینڈس 87 رنز ناٹ آؤٹ بنا کر نمایاں رہے۔ کمنڈو مینڈس 40 رنز کے ساتھ ناٹ آؤٹ پویلین لوٹے۔ دیگر بلے بازوں میں سینتھ جایاوردینا 38 اور لہیر واڈارا 1 رن بنا کر آؤٹ ہوئے۔ پاکستان کی جانب سے محمد عمران اور عرفات منہاس نے 1، 1 کھلاڑی آؤٹ کیا۔ اس سے قبل سری لنکا کی دعوت پر پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے پاکستان نے مقررہ 20 اوورز میں 8 وکٹوں کے نقصان پر 168 رنز اسکور کیے۔ قومی ٹیم کی جانب سے کپتان صاحبزادہ فرحان 76 رنز بنا کر نمایاں رہے۔ عرفات منہاس 34 کے اسکور پر ناٹ آؤٹ پویلین لوٹے۔